82326-چھوٹی عمر میں فوت شدہ نمازوں کی قضاء کرلی اور وہ مسلسل قضاء کرنا چاہتی ہے

سوال

میری والدہ نے بچپن میں کچھ برس نمازیں ادا نہیں کی تھیں، اور جب ایک عالم دین سے سنا کہ فوت شدہ نمازوں کی قضاء ضروری ہے تو وہ اس پر نادم ہوئیں اور توبہ کرتے ہوئے اللہ تعالی کے ساتھ عہد کیا کہ وہ جب تک زندہ ہیں فوت شدہ نمازوں کی قضاء کرتی رہینگی، اور بالفعل اپنا وعدہ نبھایا اور جتنے برس نماز ادا نہیں کی تھی اس کی قضاء کی، لیکن وہ ہمیں یہ کہتی ہیں کہ میرے ذمہ نمازوں کی قضاء کرتے رہنا لازم ہیں، کیونکہ جب میں نے اپنے رب سے عہد کیا تھا تو یہ کہا تھا جب میں زندہ رہونگی، اور میں زندہ ہوں حالانکہ وہ فرائض ادا کرتی ہیں نہ کہ نوافل، اور انہیں علم بھی ہے کہ انہوں نے فوت شدہ نمازوں کی قضاء مکمل کرلی ہے، کیا ان کا یہ عمل صحیح ہے ؟

اور کیا اسے نذر شمار کیا جائیگا ؟

پسندیدہ جواب

جمہور فقہاء کرام کا کہنا ہے کہ جس نے بھی بلوغت کے بعد کچھ مدت نمازیں ترک کی ہوں اس کے ذمہ ترک کردہ نمازوں کی قضاء لازم ہے، اور اگر اسے نمازوں کی تعداد کا علم نہ ہو تو وہ ظن غالب کے مطابق نمازوں کی قضاء کرے.

یہ جاننا ضروری ہے کہ اس نے جو نمازیں بلوغت سے قبل ترک کی تھی اس کے ذمہ ان کی قضاء نہیں، کیونکہ اس وقت تو وہ مکلف ہی نہ تھی.

اور بعض اہل علم کا کہنا ہے کہ: جس نے عمدا نمازیں ادا نہ کی ہوں اس کے ذمہ قضاء نہیں، بلکہ اس کے ذمہ اس سے توبہ کرنا اور مستقبل میں بہتر عمل کرنے کا عہد کرنا لازم ہے.

مزید تفصیل دیکھنے کے لیے آپ سوال نمبر (7969) اور (72216) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں.

بہر حال آپ کی والدہ کی حق میں مشروع یہ ہے کہ وہ کثرت سے توبہ و استغفار کریں، اور نوافل ادا کرتی رہیں، تاکہ یہ امید کی جاسکے کہ اللہ تعالی ان کی توبہ قبول کرلے.

اور پھر اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

.{اور یقینا بلاشبہ میں اسے بخش دینے والا ہوں جو توبہ کرتا ہے، اور ایمان لے آتا ہے، اور اعمال صالحہ کرکے ہدایت اختیار کرتا ہے}.طہ (82).

اور آپ کی والدہ کا یہ کہنا کہ: میں نے اپنے رب سے عہد کیا تھا کہ جب تک زندہ رہونگی فوت شدہ نمازوں کی قضاء کرتی رہونگی:

یہ اس بات کی نذر ہے کہ وہ فوت شدہ نمازوں کی قضاء کرینگی، اور وہ یہ کام کرچکی ہیں، اور انہوں نے اپنی نذر پوری کرلی ہے، اس لیے ان کے لیے نمازوں کی قضاء مسلسل کرنی لازم نہیں، کیونکہ وہ بالفعل مکمل کرچکی ہیں کیونکہ نماز کی قضاء صرف ایک بار ہوتی ہے.

اور ان کا یہ کہنا: جب تک زندہ رہونگی: ظاہر یہ ہوتا ہے کہ اس عبارت کا معنی یہ ہے کہ جب تک وہ زندہ رہینگی اپنی نذر پوری کرینگی، اور بیماری یا کسی اور شغل کی بنا پر نماز ترک نہیں کرینگی.

اوراگروہ نمازکی ادائیگی جاری رکھنا چاہیں تو یہ بہتر عمل ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی رغبت دلاتے ہوئے فرمایا ہے :

"نماز بہترین موضوع ہے، جو بھی کثرت سے ادا کر سکتا ہے وہ کثرت سے ادا کرے"

اسے طبرانی نے صحیح الجامع حدیث نمبر (3870) میں ذکر کیا ہے.

لیکن اس میں ان کی نیت نفلی نماز کی ہوگی ناکہ فوت شدہ نمازوں کی قضاء کی نیت.

واللہ اعلم.